بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

14 روزہ

مسائل رمضان کورس

مدرس: مولانا مفتی عرفان اللہ درویش ہنگو عفا اللہ عنہ

Mufti Irfan Ullah Darvesh Official

+92307 9819544

Miinaar Online Academy

سبق نمبر:4

حصہ اول

سحری سے متعلق چند مسائل

سحری کھانا سنت اور باعث برکت ہے۔

عن انس رضی اللہ عنہ مرفوعا: تسحروا فان فی السحور برکۃ

اگر کسی کو کھانا مزہ نہ دے تو ایک دو کھجور کھائے یا پانی پیئے یا پان کھائے، تب بھی سحری کا ثواب ملے گا۔

اگر کوئی شخص یا پورا گھرانہ سحری سے رہ جائے، تب بھی روزہ رکھنا ضروری ہے۔

اگر کوئی شخص ایسے وقت اٹھا کہ صبح صادق ہو چکا تھا اور اس نے یہ سمجھا کہ رات باقی ہے، اور کچھ کھایا پیا تو اس صورت میں روزہ نہیں ہوا، قضا ہے کفارہ نہیں، اور مغرب تک روزہ داروں کی طرح رہے گا۔

سحری سے متعلق چند مسائل

روزے کا تعلق چوں کہ وقت سے ہے، اذان یا سائرن سے نہیں، اس لیے وقت ختم ہونے کے بعد کھانا پینا فوراً بند کرے۔

اگر کوئی شخص رات دیر کو اٹھا اور اسے صبح ہونے یا نہ ہونے میں شبہ ہو تو اس کے لیے کھانا پینا مکروہ ہے، پھر اگر کچھ کھایا پیا اور وقت ختم ہوا تھا تو قضا رکھے۔

اگر کسی کو احتلام ہوا یا رات کو ہم بستر ہوا اور سحری کے وقت غسل کا وقت نہ ہو تو ہاتھ منہ دھو کر سحری کھائے اور صبح صادق کے بعد غسل کرے۔

سحری میں تاخیر مستحب ہے، لہٰذا اگر کسی نے بہت پہلے کھانا پینا بند کیا ہو تو صبح صادق سے کچھ پہلے کچھ کھائے یا پیے تاکہ اس مستحب پر عمل ہو سکے۔

MIINAAR
Online Acadmey